ہیر پکچرز کا

बारूद

بارود

اداکاران

شیخ مختار - کمکم - ہیرالال - غنی ایرانی

قیمت ۱؍

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

باروُد کے گانے

نمبر ۱

تیری دُنیا میں نہیں کوئی سہارا اپنا
بے سہاروں کو ذرا دیدے سہارا اپنا

دل کے مندر میں لگا ہوں میں آجانے تیرے
تیری گود کے تنکے ہیں جو پاس ہیں تیرے
تُو ہی ہمت دے انہیں چاہنے والے ہیں تیرے
تُوہی سپنے ہمیں گانے ہیں تیری رچیا ۔ بے سہاروں ۔

روز لیتے ہیں تیرا نام جیئے جاتے ہیں
پیاس لگتا ہے تو آنسو ہی پیئے جاتے ہیں
ہم بُرے ہی سہی لیکن تیرے کہلاتے ہیں
تُو بہی ہے ندی تو ہے کنارا اپنا ۔ بے سہاروں ۔

روپ لاکھوں ہیں تیرے تو کوئی مجبور نہیں
کوئی جگہ نہیں جس میں کہ تیرا نور نہیں
اپنے بندوں سے کسی حال میں تو دور نہیں
تُو نے ہر کام جو بگڑا وہ سنوارا اپنا ۔ بے سہاروں ۔

آئے طوفان جو غریبوں کو مٹانے کے لئے
آئے مشکل جو یتیموں کو ستانے کے لئے
اپنے بچوں کو تو آجاتا بچانے کے لئے
تجھ سے بنتی ہے یہی دھیان ہمارا رکھنا ۔ بے سہاروں ۔

گانا نمبر۲:۔ اٹکن بٹکن دہی چٹوکن راجا گئے دِلی
سات کٹوری لائے ایک کٹوری ٹوٹ گئی
منّے کا دِل ٹوٹ گئی۔ منّے کا دِل ٹوٹ گئی
چندا کی گیند تمہیں لادونگی ممّا منگا دونگی ممّا
بجلی کا بلاّ منگا دونگی ممّا منگا دونگی ممّا
ممّا میرا لیگا، پھر تو گھر میں کھیلے گا
گیند لوگے یا بلاّ
بلاّ
جگ جگ جیو میرے للاّ ۔ اٹکن بٹکن ۔
بادل کا ہاتھی ہواؤں کا گھوڑا۔ ہواؤں کا گھوڑا
بیٹے کا ممّا لگائے گا کوڑا، لگائے گا کوڑا
ہاتھی پھر تو جھومے گا۔ دیش دیش میں گھومے گا
یہ گھوڑا لوگے یا ہاتھی ۔ ہاتھی
یہ منّے کا ساتھی ۔ اٹکن بٹکن ۔
تاروں کی جھلمل ٹوپی بنا کے۔ ٹوپی بنا کے
شبنم کے موتی اُس میں لگا کے ۔ اُس میں لگا کے
بچّے کو میں پہناؤں گی
تیرا بیاہ رچاؤنگی۔ تیرا بیاہ رچاؤں گی
موتی لوگے یا تارا؟ تارا
میرا لال بڑا ہی پیارا ۔ اٹکن بٹکن ۔
گانا نمبر۳:۔ لکھوگے پڑھوگے تو آگے بڑھوگے
۔ تاروں سے اونچا تمہارا ہوگا نام

جتنی بلے تو کھلونوں سے کھیلو
جلدی سے پھر تم کتابوں کو لے لو
جی نہ چراؤ باتیں نہ بناؤ
جاہل رہوگے تو ہوگے بدنام ۔ لکھوگے
الف سے بولو کیا ہوتا ہے ۔ اُلو
اُدن ہوں ۔ ا ۔ ایمان
دُنیا میں دیکھو ایمان دار رہنا
جھوٹ نہیں اچھا سدا سچ کہنا
دِل کو کسی کے نہ ہرگز دُکھاؤ
ایسی ہی نیکی کرو صبح و شام ۔ لکھوگے ۔
ب سے بولو کیا ہوتا ہے ۔ نڈر
اُدن ۔ ہوں ۔ بہادر
بن کے بہادر تم اپنے وطن کے
نگہبان رہنا تم اپنے چمن کے
اس کو سنبھالو ۔ گلے سے لگالو
ہو آزاد اب تو نہ ہونا پھر غلام ۔ لکھوگے ۔
ت سے بولو کیا ہوتا ہے ۔ تدبیر
اُدن ہوں ۔ تدبیر ہے
تقدیر کیا تم اس کو بھلا دو
علم و ہنر سے اندھیرے مٹا دو
بڑھتے چلو تم قدم کو بڑھا کے

پھر آئیگی منزل کرے گی سلام
لکھوگے ـــــ
م سے بولو کیا ہوتا ہے ـ مرغا
اڑن ہوں ـ مزدور
مزدور نکلے ہیں تان کے سینہ
تم بھی کر دیکھو اور سیکھو جینا
محنت کروگے تو پھل بھی ملے گا
بڑوں نے کہا ہے آرام ہے حرام ـ لکھوگے ـ
کچھ تو بتاؤ کہاں کھو گئے ہو
بات کیا ہوئی جو خفا ہو گئے ہو
منہ نہ چھپاؤ صورتیا دکھاؤ
سن لو ہمارے یہ دل کا پیام
ش سے بولو کیا ہوتا ہے شیر
لکھوگے ـــــ
گانا نمبر ۲ :ـ مورت اک کھلونا ہے تیری معصوم راہوں میں
گزر جا ہاں گزر جا کھیلتا، دھرتی کی باہوں میں
چلا چل جا چل گر ہے اندھیرا
تیرا سہارا بھگوان تیرا ـــــ
جگ ہے ساگر تو ہے تنکا بہاتا چلا جا
باندھے ہمت چھوڑ دے رونا ـ ہنستا چلا جا
ڈھلیں گی یہ راتیں ملے گا سویرا

تیرا سہارا بھگوان تیرا ــــ

آندھی آئے طوفاں آئے پھر بھی لڑتے جا
وہ رکھوالا ساتھ ہے تیرے آگے بڑھتے جا
ہے گا اُجالا ہی تو اندھیرا۔ تیرا سہارا بھگوان تیرا۔
چلا چل ــــ

گانا نمبر ۵: تیری آنکھوں کا رنگ نرالا ہے
میری آنکھوں کا تو متوالا ہے
تیری اُلفت سے دل میں اُجالا ہے
دل کی دنیا کا تو رکھوالا ہے
پھول سا چہرا ہونٹ گلابی
ہوش گنوا دے نین شرابی
تُو ہے دل میں آنکھ کے تِل میں
جیسے راہی ہو منزل میں ــــ تیری آنکھوں کا ــــ
چاند گگن میں پھول چمن میں۔
لیکن تو ہے میرے من میں
پیار کے بدلے ہاتھ کے گجرا ڈال
گلے میں باہوں کا گجرا ــ تیری آنکھوں کا ــــ

گانا نمبر ۶: رنگ رنگیلا سانورا موہے مل گیو جمنا پار
ہوے واسے نیناں چار، اب میں کیسا بولوں سرکار
رنگ برنگی پگڑی اُس کی، گھونگھر والے بال
ہاتھ میں بانکے بین مُرلی۔ مور کے جیسی چال

نینوں کے دو بھنورے مو پر ڈال گئے مو جال
دیا چھوڑے بیچ بازار ۔ اب میں کیا بولوں سرکار
نیر بھرن کو جب جب جاؤں تاکے چندر چکور
آتے جاتے روک لے رستہ نہ مانے چت چور
دھاگا ہو تو تیر بھی ڈالوں ۔ پریت پہ کس کا زور
دیا چھوڑے بیچ بازار ———
نٹ کھٹ موہن باز نہ آیا دینی گاگر توڑ
پھول سے نازک نرم کلائی ظالم نے دی مروڑ
پھنس گئی سوری جان غضب میں بھاگی چزی چھوڑ
دیا چھوڑے بیچ بازار ———
رنگ رنگیلا ———

ختم شد

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/-	اندرجال	1/8/-
عملیات تسخیر محبوب	1/8/-	استاد جادوگراں	3/8/-
عملیات قلوب	2/-/-	مکمل جادوگری	2/8/-
عملیات لبنی کرن	2/-/-	چین بنگال کا جادو	-/12/-
کامروپ کا جادو	-/12/-	اُلو تنتر	3/-/-
رہنما جادوگری	-/4/-	کوا تنتر	4/-/-
جادو مسمریزم	2/-/-	نقش سلیمانی	1/-/-
کالا جادو	4/-/-	تعویز سلیمانی	1/-/-

شعر و شاعری اور دیوان بہترین شعراء کے کلام

دیوان غالب	1/-/-	مسدس حالی	1/-/-
دیوان ظفر	1/-/-	کلیات اقبال	5/-/-
دیوان داغ	1/-/-	شعلہ طور دیوان جگر	6/-/-
دیوان ذوق	1/-/-	بانگ درا اقبال	3/-/-
ضرب کلیم	2/-/-	تلخیاں	2/8/-
بال جبریل	2/-/-	آتش گل	4/-/-

متین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)